جوابی کاپی کا سیریل نمبر

رول نمبر

# مبادیات ہوم اکنامکس (کلاس نہم) سرگودھا بورڈ 2009ء

## (گروپ دوسرا)

## حصہ معروضی

وقت: 20 منٹ

کل نمبر: 15

**نوٹ:** اپنا رول نمبر اور دستخط اسی پرچہ میں دی گئی جگہ پر ثبت کیجئے۔ تمام سوالات اسی کاغذ پر ہر سوال کے سامنے دی گئی ہدایات کے مطابق حل کیجئے۔ کاٹ کر/مٹا کر یا پنسل سے تحریر کردہ جواب کا کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔

1۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیے گئے ہیں، درست جواب پر (✓) لگائیے۔

| | Questions / سوالات | Answers / جوابات | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| (i) | ہوم اکنامکس ایک ........ مضمون ہے۔ | محدود مضمون | وسیع | دلچسپ مضمون | فضول |
| (ii) | چھوٹے بچے کا موازنہ نہیں کرنا چاہیے۔ | باپ سے | ماں سے | دوسرے بچوں سے | بہن سے |
| (iii) | گھر میں کام کرنے والی خاتون کا لباس ہوتا ہے۔ | فیشن ایبل | مضبوط | تنگ سلا ہوا | آرام دہ |
| (iv) | مرسرائزیشن کا عمل کپڑے کو بناتا ہے۔ | صاف اور سفید | مضبوط اور چمکدار | کھردرا | شوخ رنگ کا |
| (v) | اقدار ہیں | انسانی وسائل | مادی وسائل | انسانی اور مادی وسائل | خواہشات |
| (vi) | سوت کی تیاری کا پہلا مرحلہ ہے۔ | کنگھی کرنا | بننا | صفائی کرنا | بل دینا اور سوت بنانا |
| (vii) | ........ دھلنے کے بعد اپنی شکل کھو دیتے ہیں۔ | سادہ کپڑے | اونی کپڑے | ریشمی کپڑے | سوتی کپڑے |
| (viii) | گول چہرے والی لڑکی کو پہننا چاہیے۔ | گول گلا | اونچا گلا | جدید گول گلا | وی گلا |
| (ix) | آپ کو برداشت کرنا چاہیے۔ | دوستوں کی خراب گفتگو | آپ پر نکتہ چینی | دوستوں کی ناراضی | اپنے چھوٹے بہن بھائیوں کو |
| (x) | ہر تہذیب کا لباس ہوتا ہے۔ | عام طرز کا | مخصوص طرز کا | قیمتی | سستا |
| (xi) | قدر علامت ہوتی ہے۔ | خوشی کی | سوچ کی | غم کی | دولت کی |
| (xii) | ڈرائی کلینگ کا مطلب ہے | پانی کے بغیر دھونا | صابن کے بغیر دھونا | داغ دور کرنا | مشین میں دھونا |
| (xiii) | ریان کو کہتے ہیں۔ | ورسٹڈ | سیلولوز | مصنوعی ریشم | نائیلون |
| (xiv) | رنگوں کے دائرے میں ٹھنڈے رنگ ہیں۔ | نیلا پیلا کالا | سبز نیلا سرخ | جامنی نیلا سبز | نیلا پیلا سرخ |
| (xv) | والدین کے برابر درجہ ہوتا ہے۔ | دوستوں کا | رشتہ داروں کا | ہم جماعتوں کا | استاد کا |

وقت: 02:10 گھنٹے

## حصہ انشائیہ

کل نمبر: 60

## (حصہ اول)

2۔ مندرجہ ذیل میں سے اٹھارہ (18) اجزاء کے جوابات مختصراً تحریر کیجیے۔ 18x2=36

(i) ہوم اکنامکس اور نفسیات کا کیا تعلق ہے؟

(ii) شہریت کی تعلیم سے کیا مراد ہے؟

(iii) ہوم اکنامکس کی تعلیم لڑکیوں کے لیے کیوں ضروری ہے؟

(iv) ہوم اکنامکس کی تعلیم میں کیا کیا سکھایا جاتا ہے؟

(v) زندگی میں کامیابی کا راز کیا ہے؟

(vi) بچے کی صحت مند نشوونما کیسے کی جاسکتی ہے؟

(vii) بچے اپنے احساسات کی ترجمانی کیسے کرتے ہیں؟

(viii) بچے کی خودمختاری سے کیا مراد ہے؟

(ix) بچے انگوٹھا کیوں چوستے ہیں؟

(x) بچے اچھی عادات کیسے اپناتے ہیں؟

(xi) بچے کے ساتھ عموماً کیا سلوک کرنا چاہیے؟

(xii) انکساری پر دو جملے لکھیں۔

(xiii) قابل اعتماد انسان کی دو خصوصیات بیان کریں۔

(xiv) قناعت پسندی کا کیا مطلب ہے؟

(xv) استاد کے مقام پر روشنی ڈالیں۔

(xvi) سچی دوستی کا کیا اصول ہے؟

(xvii) مخلص لوگ کون ہوتے ہیں؟

(xviii) والدین سے محبت کیوں ضروری ہے؟

(xix) نائیلون کا لباس کس موسم میں موزوں رہتا ہے؟

(xx) آپ لباس کے متعلق اسلامی نظریہ کے مطابق کیا جانتی ہیں؟

(xxi) گھر پر کپڑے ڈرائی کلین کرنا کیوں ممکن نہیں ہے؟

(xxii) نیلے رنگ سے شخصیت سے آپ کیا اثر ہوتا ہے؟

(xxiii) موزوں لباس کے انتخاب میں آرٹ کے اصولوں کی کیا اہمیت ہے؟

(xxiv) اونی کپڑے کی کتنی اقسام ہیں نام تحریر کیجیے۔

(xxv) موسم کے اختتام پر کپڑوں کی حفاظت سے رکھنا کیوں ضروری ہے؟

(xxvi) سوتی کپڑے کی تیاری کے مختلف مراحل تحریر کیجیے۔

(xxvii) کپڑوں کو مناسب جگہ پر رکھنے کے فائدے تحریر کیجیے۔

## حصہ دوم (کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ ہر سوال کے 08 نمبر ہیں)

3۔ اپنے آپ کو اور دوسرے لوگوں کو سمجھنا کیوں ضروری ہے؟

4۔ بچے خوف کیوں محسوس کرتے ہیں اور اس کی عادت کو کیسے دور کیا جاسکتا ہے؟

5۔ اپنے والدین اور گھر کے دوسرے افراد کے ساتھ اچھے تعلقات رکھنا کیوں ضروری ہیں؟

6۔ بچے کی زندگی میں کھیل کی کیا اہمیت ہے نیز ایک سے تین سال کے بچوں کے لیے آپ کس قسم کے کھلونوں کا انتخاب کریں گی۔

7۔ کپڑے دھونے کے طریقے کون کون سے ہیں؟ کپڑے دھوتے وقت کن کن اصولوں کو مدنظر رکھنا ضروری ہے۔